© rasailojaraid.com



خادم حسین

# زبان میری ہے بات ان کی

دست کھانے والوں کی نوکری نہ بچ سکے گی (وائیں)
اور کار کے رنگ دار شیشوں پر چالان کرنے والے قانون کے صحیح محافظ اے ایس آئی کو جیل میں بند کر دیا جائے گا
صدر نے شریعت بل پر دستخط کر دیئے (ایک خبر)
اس شریعت بل پر جو ملک کے سیاسی اور معاشی نظام پر اثر انداز نہیں ہو سکے گا۔
جمہوریت کے پاسبان ہیں آخر دم تک اس کی بقا کے لئے لڑیں گے (فاروق لغاری)
ہائی دے وے! جمہوریت تہاڈی بے بے لگدی اے
گدی نشین بابا طالب کے سیف علی کی بھتیجی سے ناجائز تعلقات بھتیجی اسقاط عمل کے دوران جاں بحق (ایک خبر)
"حضرت جی" کو گھر کے اندر تک لے جانے والوں کے لئے عبرت کا مقام!
پاکستانی سالانہ 30 کروڑ روپے کے پان کھا جاتے ہیں (ایک خبر)
"زندگی ایک پان دان ہے پیارے      پان ہے تو جہان ہے پیارے"
سی 130 کی تباہی میں "الذوالفقار" کا ہاتھ تھا (اعجاز الحق)
اور "الذوالفقار" کے سرپرستوں کو ملک میں وی آئی پی کا درجہ حاصل ہے۔
قائد اعظم قوم پرست تھے کسی مذہب کی حکومت نہیں چاہتے تھے ایوب خان کے دور تک اسمبلی میں تلاوت نہیں ہوتی تھی (بے سالک)
پی پی مسلم لیگ اور مس نوائے وقت جواب دیں
پاکستان میں انتہا پسند بنیاد پرستی کی سیاست نے بھارتی مسلمانوں کو تباہی و بربادی کے حوالے کر دیا (ولی خان)
دراصل انتہا پسند بنیاد پرستی سے خان صاحب کو سیکولرازم کی بنیاد ہلتی ہوئی نظر آتی ہے۔
شرابی تھانیدار نے بارات پر فائرنگ کر دی (ایک خبر)
اول شر بشر میں ہے پھر شر شراب میں
ممکن نہیں شراب پئیں اور شر نہ ہو!
لکھنے والوں کو شریعت اور اسلام کے نام پر زنجیروں میں جکڑنے کی اجازت نہیں دیں گے (بے نظیر)
اے "اہل قلم" "اہل دوات" کا یہ حال ہے
بیوی نے دو آشناؤں کی مدد سے شوہر کو ہلاک کر دیا (ایک خبر)
گھر میں غیروں کا بے باکانہ آنا جانا بیوی کو بے عزت بنا دیتا ہے کہ نگاہ شیطان کے زہر میں بجھے ہوئے تیروں میں سے ایک تیر ہے۔
آصف زرداری جیل میں تمام وقت عبادت کرتے ہیں مونچھیں بھی عبادت کی خاطر صاف کرائیں (ایک خبر)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وہ کون سی عبادت ہے جس کے راستے میں مونچھیں حائل تھیں

سود ختم ہو گیا تو پھر پاکستان کو مالیاتی اداروں سے امداد نہیں ملے گی (صدر حبیب بنک مقبول سومرو)

ور اگر سود جاری رہا تو پاکستان کو اللہ تعالیٰ سے امداد نہیں ملے گی سومرو صاحب!

بس جہیز سے ملا کو تکلیف ہو مجھے خوشی ہوتی ہے بے نظیر کی عزت کرتا ہوں کیونکہ وہ ملاں کی ضد ہیں۔ (حبیب جالب)

لعین عورت کی عزت کرتے ہو اور خدا رسول کا پیغام سنانے والے سے نفرت آخر

درس دینے سے گریزاں کیوں ہو؟

داڑھی ہے کوئی خارِ مغیلاں تو نہیں

فیملی پلاننگ کے ذریعے سوا چار لاکھ بچوں کی پیدائش روکی گئی (سرتاج عزیز وزیر خزانہ)

تعجب ہے آج کے انسان نے انسان کو انسان کا خالق بنا دیا ہے

اعتزاز احسن خانہ بدوش ہیں (جاوید ہاشمی)

ہر شاعر کھانا بدوش ہوتا ہے

سعودی عرب میں امریکہ اور اسرائیل کے خلاف ایک لاکھ ایرانی حازمین حج کا مظاہرہ علی اکبر ولایتی نے بھی شرکت کی (ایک خبر)

امریکہ ایران سے تیل نکالے گا (دوسری خبر)

پہچانیئے! آدھا سفید اور آدھا کالا چہرہ!

چیئرمین ماؤ کی بیوہ نے خودکشی کر لی؟ (ایک خبر)

سوشلسٹ کمیونٹی کو صدمہ!

"جہیز کیوں نہیں لائی" ساس کے طعنوں نے دلہن کی جان لے لی سسرال والوں نے اس کے زیورات بھی چھین لئے تو اس نے خود کو آگ لگالی (ایک خبر)

خود دلہن تھی تو ساس کے گلے شکوے کرتی تھی خود ساس بنی تو دلہن کی جان لے لی واہ رے عورت!

بے نظیر کی نصر اللہ سے طویل ملاقات (ایک خبر)

کیسے کیسے ایسے ویسے ہو گئے ایسے ویسے کیسے کیسے ہو گئے

105 سالہ زمیندار نے 40 سالہ بیوہ سے چوتھی شادی کر لی اس کے پوتے پوتیوں کی تعداد 35 ہے (ایک خبر)

فیملی پلاننگ والوں کی اوئے اوئے!

پنجاب اسمبلی میں وائیں نے امریکی قونصل جنرل کی جیب کی طرف اشارہ کر کے کہا "کچھ ادھر منتقل ہو جاتا تو بجٹ اور اچھا ہوتا" (ایک خبر)

سوالی کی نظر ہمیشہ دوسرے کی جیب پر ہوتی ہے

بچے باپ کا پوچھتے ہیں تو میں ساتھ والے کمرے میں جا کر رونے لگتی ہوں (بے نظیر)

اور گئے دور کی کئی بیوائیں ایسی ہیں کہ ان کے پاس دوسرا کمرہ بھی نہیں جہاں جا کر وہ رو سکیں

(بقیہ از ۱۵)

یہ ہیں وہ چند مباحث جو کہ خلافت کے مفہوم اور مصداق کے بیان میں ذکر کئے گئے ہیں

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ وصفوۃ بریتہ محمد وآلہ واصحابہ واہل طاعتہ اجمعین الی یوم الدین:

© rasailojaraid.com